[illegible]

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

ترجمہ: سکھلایا آدمی کو جو وہ نہیں جانتا تھا (قرآن)



# اُردو کا آسان قاعدہ

جس سے بہت جلد اور سہولت کیساتھ اُردو لکھنا پڑھنا آجاتا ہے

ناشر

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ بھروچ

مقام و ڈاکخانہ کنتھاریہ تعلقہ و ضلع بھروچ (گجرات) انڈیا

جملہ حقوق بحق دارالعلوم عربیہ اسلامیہ بھروچ بمقام کنتھاریہ محفوظ ہیں

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ

ترجمہ: سکھلایا آدمی کو جو وہ نہیں جانتا تھا (قرآن)

# اردو کا آسان قاعدہ

جس سے بہت جلد اور سہولت کیساتھ اردو لکھنا پڑھنا آجاتا ہے

ناشر

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ بھروچ

مقام وڈاکخانہ کنتھاریہ، تعلقہ ضلع بھروچ (گجرات) انڈیا

# ہدایت برائے مدرّسین

اِس قاعدہ میں حسبِ ذیل اُمور کا خیال رکھا گیا ہے

(۱) پڑھائی کے ساتھ ساتھ لکھائی میں بھی صلاحیت پیدا ہو اس کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

(۲) صفحہ ۵ تا ۱۰ میں ایک ایسا نیا طرز اختیار کیا گیا ہے کہ جس سے بچّوں کو جلد لکھنا آجائے۔

(۳) ایسی مُشکِل عِبارت جِس کا ترجَمہ سمجھانا دشوار ہو اِس سے پرہیز کیا گیا ہے۔

(۴) روزمرّہ کی ضروری بول چال کے اُردُو جُملے، دِنوں اور مہینوں کے نام اور گِنتی ایک سے ۱۰۰ تک عدد اور لفظوں میں بتلائی گئی ہے۔

(۵) اِسلامی مواد اس طرح جمع کیا ہے کہ آنے والے سال میں رسالہ نمبر ۱ کے پڑھنے میں زیادہ مُعِین ثابت ہو۔

دعا ہے کہ خُداوند کریم ہماری اَدنیٰ کوشش کو قبول فرمائے، اور بچّوں کو اِس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچا کر عِلم کی دولت سے مالا مال فرمائے آمین ______

دار العلوم بھروچ مقام کنتھاریہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# LESSON No 1 سبق نمبر ١

## باترتیب حروف:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | پ | ت | ٹ | ث |
| ج | چ | ح | خ | د | ڈ |
| ذ | ر | ڑ | ز | ژ | س |
| ش | ص | ض | ط | ظ | ع |
| غ | ف | ق | ک | گ | ل |
| م | ن | و | ہ | ھ | ء |
| | ی | ے | | | |

## EXERCISE ✿ مشق

ھدایت: بے ترتیب حروف الٹ پلٹ کر مشق کرائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ت | ح | ٹ | ش | ظ |
| خ | ث | ذ | ض | ر | س |
| ع | چ | ف | ص | گ | ی |
| ط | ب | ن | د | غ | ز |
| ج | ق | ل | و | پ | م |
| ہ | ڑ | ء | ژ | ک | ے |
| چ | پ | ڈ | ٹ | ڑ | س |
| ہ ھ | ق | غ | ث | ظ | خ |

## LESSON No 2 — سبق نمبر ۲

ھدایت:- سبق نمبر ۲ سے سبق نمبر ۵ تک ہر حرف کو علیحدہ علیحدہ پڑھایا جائے

آدھے حرفوں کی شکل اور اس کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ج جـ | چ چـ | ح حـ | خ خـ | س سـ |
| ش شـ | ص صـ | ض ضـ | ع عـ | غ غـ |
| ف فـ | ق قـ | ک کـ | ل لـ | م مـ |

## EXERCISE — مشق

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خـ | سـ | حـ | چـ | جـ | غـ | عـ | ضـ | شـ |
| فـ | مـ | لـ | کـ | چـ | سـ | جـ | ضـ | غـ |

## EXERCISE — مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جب | چپ | حر | خل | سن | شو |
| کل | مل | غل | ضم | صر | کر |
| لگ | قص | نل | جب | فن | سل |

# LESSON No 3 ۳ سبق نمبر

ب۔ پ۔ ت۔ ٹ۔ ث۔ ن۔ ی۔ ے، کی یکساں مختلف شکلیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بر | پر | تر | ٹر | ثر | نر | یر | یر |
| بر | پر | تر | ٹر | ثر | نر | یر | یر |
| بد | پد | تد | ٹد | ثد | ند | ید | ید |
| بر | پر | تر | ٹر | ثر | نر | یر | یر |
| با | پا | تا | ٹا | ثا | نا | یا | یا |

## EXERCISE مشق

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پر | تر | یہ | تر | بر | ثر | ٹر | بہ |
| نہ | ٹر | ثر | بر | ٹد | نر | یر | تد |
| بد | یہ | تر | یہ | تر | نہ | بہ | ثر |
| بر | ثد | بد | نر | نہ | ید | یہ | یر |

## LESSON No 4 — سبق نمبر ۴

## هدایت

اِس (بـ) پہلی شکل کے ساتھ مِلنے والے حُرُوف یہ ہیں ۔

س ۔ ش ۔ ص ۔ ض ۔ ط ۔ ظ ۔ ع ۔ غ ۔ ف ۔ ق ۔ و ...

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بـس | بـش | بـص | بـض | بـط | بـظ |
| بس | بش | بص | بض | بط | بظ |
| بـع | بـغ | بـف | بـق | یـو | پـکا |
| بع | بغ | بف | بق | یو | پکا |

## EXERCISE — مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پـ | پس | پص | پط | پع | پف |
| ٹـ | ٹس | ٹض | ٹظ | ٹغ | ٹق |
| نـ | نو | نس | نط | نع | نف |
| یـ | یش | یض | یظ | یق | یع |

# LESSON No 5 — سبق نمبر ۵

ھدایت :- اِس (ب ر) دوسری شکل کے ساتھ ملنے والے حروف یہ ہیں۔

ج۔ چ۔ ح۔ خ۔ م۔ ھ۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بـ | بج بج | بچ بچ | بح بح | بخ بخ | بم بم | بھ بھ |
| پـ | پج پج | پچ پچ | پح پح | پخ پخ | پم پم | پھ پھ |
| تـ | تج تج | تچ تچ | تح تح | تخ تخ | تم تم | تھ تھ |
| نـ | نج نج | نچ نچ | نح نح | نخ نخ | نم نم | نھ نھ |
| یـ | یج یج | یچ یچ | یح یح | یخ یخ | یم یم | یھ یھ |

## سبق نمبر ٦ LESSON No 6

ہدایت اس (بـ۔ بمعنی) چوتھی شکل کے ساتھ ملنے والے حُرُوف یہ ہیں ۔ ر۔ ز۔ ژ۔ ی۔ ے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بـ بـ | بر<br>بر | بڑ<br>بڑ | بز<br>بز | بژ<br>بژ | بی<br>بی | بے<br>بے |
| ٹـ ٹـ | ٹر<br>ٹر | ٹڑ<br>ٹڑ | ٹز<br>ٹز | ٹژ<br>ٹژ | ٹی<br>ٹی | ٹے<br>ٹے |
| ثـ ثـ | ثر<br>ثر | ثڑ<br>ثڑ | ثز<br>ثز | ثژ<br>ثژ | ثی<br>ثی | ثے<br>ثے |
| نـ نـ | نر<br>نر | نڑ<br>نڑ | نز<br>نز | نژ<br>نژ | نی<br>نی | نے<br>نے |
| یـ یـ | یر<br>یر | یڑ<br>یڑ | یز<br>یز | یژ<br>یژ | یی<br>یی | یے<br>یے |

# LESSON No 7 — سبق نمبر ۷

ہدایت :- اس دبا ، پانچویں شکل کے ساتھ ملنے والے حروف یہ ہیں ۔ ب ۔ پ ۔ ت ۔ ٹ ۔ ث ۔ د ۔ ڈ ۔ ذ ۔ ک ۔ گ ۔ ل ۔ ن ۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بـ | بب | بد | بگ | بگ | بل | بن |
| | بب | بد | بک | بگ | بل | بن |
| ٹـ | ٹپ | ٹد | ٹک | ٹگ | ٹل | ٹن |
| | ٹپ | ٹد | ٹک | ٹگ | ٹل | ٹن |
| تـ | تب | تپ | تک | تگ | تل | تن |
| | تب | تپ | تک | تگ | تل | تن |
| نـ | نب | نپ | نک | نگ | نل | نن |
| | نب | نپ | نک | نگ | نل | نن |
| یـ | یت | ید | یک | یگ | یل | ین |
| | یت | ید | یک | یگ | یل | ین |

# سبق نمبر ۸ LESSON No 8

ہدایت :- زبر کی پہچان، اُستاد کو چاہیے کہ بغیر ہجے پڑھائے..

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَ | بَ | پَ | تَ | ٹَ | ثَ |
| جَ | چَ | حَ | خَ | دَ | ڈَ |
| ذَ | رَ | ڑَ | زَ | سَ | شَ |
| صَ | ضَ | طَ | ظَ | عَ | غَ |
| فَ | قَ | کَ | گَ | لَ | مَ |
| نَ | وَ | ھَ - ہَ | ءَ | يَ | ےَ |

## مشق EXERCISE

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ےَ۔ءَ | یَ۔ھَ | وَ۔مَ | نَ۔لَ | گَ۔قَ | کَ فَ |
| غَ۔ظَ | عَ۔طَ | ضَ۔شَ | صَ۔سَ | زَ۔رَ | ڑَ ذَ |
| ڈَ۔خَ | دَ۔حَ | چَ۔ثَ | جَ۔ٹَ | تَ۔بَ | پَ۔اَ |

## LESSON No 9 — سبق نمبر 9

# ہدایت

ف: جزم کی پہچان ۔ بچوں کو سمجھایا جائے کہ جب کسی حرف پر جزم ہو، اُسے اگلے حرف کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَقْ | رَبْ | نَلْ | سَبْ | چَلْ | مَرْ |
| رَسْ | نَوْ | تَکْ | رَہْ | شَکْ | خَطْ |
| سَرْدْ | حَمْدْ | مَسْتْ | رَحْمْ | سَفَرْ | کَرَمْ |
| اَحْمَدْ | بَرْتَن | لَنْدَن | وَقْعَت | کَمْبَل | شَرْبَت |

## EXERCISE — مشق

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَتْ لَڑْ | بَسْ کَرْ | رَحْم کَر | بَچْ کَرْ |

| | | |
|---|---|---|
| غَمْ مَتْ کَرْ | کَلْ تَکْ رَہْ | سَچْ سَچْ کَہہ |
| شَکْ مَتْ کَرْ | مَطْلَبْ کَم کَرْ | خَرْچ کَم کَرْ |
| اَگَسْت تَکْ رَہْ | بَچْ کَرْ چَلْ | حَقْ پَر چَلْ |

## LESSON No 10 سبق نمبر ۱۰

ہِدایت:- زیر کی مشق بغیر ہجے کے کرائیے!

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِ | بِ | پِ | تِ | ٹِ | ثِ |
| جِ | چِ | حِ | خِ | دِ | ڈِ |
| ذِ | رِ | زِ | زِ | سِ | شِ |
| صِ | ضِ | طِ | ظِ | عِ | غِ |
| فِ | قِ | کِ | لِ | مِ | گِ |
| نِ | وِ | ہِ | ءِ | یِ | ے |

## EXERCISE مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِل | دِل | اِس | گِن | دِن | بِک |
| سِل | جِن | مِٹ | گِر | نِب | ہِل |
| رِزْق | مِرْچ | عِطْر | فِکْر | مَسْجِد | ہِجْرَت |

# مَشَق EXERCISE

صفحہ نمبر ۱۱-۱۲-۱۳ کی مِلی جُلی مَشْق !

| | | |
|---|---|---|
| مَت ہِل | پَیدَل چَل | خَرچ کَم کر |
| ہِل کر رہ | ضِد مَت کر | نَو تک گِن |

بَک بَک مَت کَر ، سَڑک پَر چَل ، فکر مت کر

دِق مَت کَر ، دَس تک گِن ، گِن گِن مَت کر

ہِل کر چَل ، کَم مَت گِن ، ہِجرت کَر

حَق بات کَر ، نَل پَر چَل ، اَکبر مَشْق کر

چِت کَر ، اِس طَرف چَل ، گڑبڑ مَت کر

بَچ بَچ کر چَل ، صِرف وَرزِش کر ، رِزق طَلب کر

وَرَق پَلَٹ ، بَچ کر چَل ، پَل ،پَل کر ، سَخت مِحنَت کر

بَدَن نِجس مَت کر ، شَک مَت کر ، پَیدَل حَج کر

## LESSON No 11 — سبق نمبر ۱۱

ہدایت :۔ پیش کی مشق بغیر ہجے کے کرائیے !

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُ | بُ | پُ | تُ | ٹُ | ثُ |
| جُ | چُ | حُ | خُ | دُ | ڈُ |
| ذُ | رُ | ڑُ | زُ | سُ | شُ |
| صُ | ضُ | طُ | ظُ | عُ | غُ |
| فُ | قُ | کُ | گُ | لُ | مُ |
| نُ | وُ | ہُ | ءُ | یُ | ےُ |

## EXERCISE — مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُس | دُم | کُل | پُل | تُم | گُم | چُپ |
| چُن | رُک | گُل | غُل | سُن | مُفت | صُبح |
| شُکر | مُشک | کُفر | فُرصت | بُلبُل | کُرتہ | بُرقع |

# EXERCISE مشق

صفحہ نمبر ۱۱-۱۲-۱۳-۱۴ اور ۱۵ کی ملی جلی مشق !

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چپ رہ | مت ہل | اب رک | حق سن | مت ڈر |
| ذق مت کر | سر پر مل | مل کر چل | مت مڑ | بس کر |

مت مڑ ، قلم درست کر ، مت سن ، تہہ کر

اس طرف مت چل ، رک رک کر چل ، ورزش کر

ظلم مت کر ، غسل مت کر ، سچ سچ کہہ

شکر کر ، کفر مت کر ، کمبل تہہ کر

مسجد چل ، غل مت کر ، بدبخت مت کہہ ، نل پر رہ

احمد مسجد چل ، بہت غل مت کر ، کل تک رہ

بچ بچ کر چل ، مت ہٹ ، بک بک مت کر

نمک کم کر ، پل پر چل ، گم مت کر

# LESSON No 12 — سبق نمبر ١٢

## تمام حروف کے ساتھ الف کی مشق

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | با | پا | تا | ٹا | ثا | جا | چا | حا | خا | دا | ڈا |
| ذا | را | ڑا | زا | ژا | سا | شا | صا | ضا | طا | ظا | عا |
| غا | فا | قا | کا | گا | لا | ما | نا | وا | ہا | یا | ے |

## EXERCISE — مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ناک | کان | شام | صاف | مان | کام | ناف |
| خُدا | جُدا | ہَوا | مِلا | سُنا | اُڑا | رَہا |
| پالا | کاٹا | مارا | پارا | دانا | جاگا | جاڑا |
| راج | سات | دال | چار | بال | آج | پاس |
| واعِظ | ماجِد | ساجِد | عابِد | قاسِم | حاکِم | سَالِک |
| کِتاب | نماز | سلام | کلام | نِظام | حرام | مولانا |

# EXERCISE مشق

| | | | |
|---|---|---|---|
| سائن بنا | جاڑا آگیا | پان لایا | آدم جاگا |
| چار تک گن | بہن کا خط آیا | شہد پلا | شربت پلا |
| کمرہ صاف کر | احمد پاس ہوا | اقبال آیا | قرآن لا |

اِمتحان آگیا بڑا کام کر

ساجد کتاب لا قاسم کمرا صاف کر

آج کا کام آج کر اکبر کا کرتا مت پہن

زخم پر مرہم لگا کل کا انتظار مت کر

حافظ صاحب کا ادب کر باپ کی بات مان

جاڑا چلا گیا کالا تاگا پایا

سات تک گن پانچ آم لا

بہن کا ناک صاف کر

# LESSON No 13 ۔ سبق نمبر ۱۳

**ہدایت:** جس واو سے پہلے پیش یا جس حرف پر بھی پیش لکھا ہوا ہو اُسے معروف پڑھایا جائے اور اگر ایسا نہ ہو تو مجہول پڑھایا جائے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پُو | ٹُو | جُو | حُو | دُو | رُو | ڑُو | سُو | ضُو | ظُو |
| سو | نو | چو | کو | پو | تو | دو | شو | طو | فو |
| اَو | سَو | پَو | لَو | چَو | ڈَو | نَو | مَو | کَو | خَو |

## EXERCISE ۔ مشق

کُودا جُوتا پُورا چُوزا چُوہا ٹُوٹا

رُوح نُوح حُور نُور طُور رُوم

سوچا موٹا لوٹا چور بول گول

کہو کرو سُنو لادو مانو ڈالو

یُوسُف صَندُوق مَضبُوط سُورَج صُورت رَسُول

سَودا پَودا لَوٹا چَوڑا دَوڑا فَوج

## LESSON No 14 — سبق نمبر ۱۴

ہدایت :- جس یاے پر کھڑا زیر یا جس حرف کے نیچے زیر لکھا ہوا ہو اسے معروف پڑھا جائے اور اگر یائے مجہول ہو تو مجہول پڑھا جائے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ِی | فِی | لِی | نِی | تِی | بِی | پِی | دِی | ٹِی | رِی |
| بے | ٹے | دے | حے | ڑے | گے | قے | ئے | نے | سے |
| گَے | پَے | وَے | اَے | ہَے | مَے | طَے | جَے | لَے | بَے |

## EXERCISE — مشق

باقِی تازِی باسِی کافِی والِی مالِی

عِید پِیس پِیلا گِیلا جِینا سِینا

کیلا بیٹا تیرا میرا لیٹا بیچا

نیک ایک ریت شیر دیر لیٹ

مَینا تَیرا جَیسا مَیل بَیل سَیر

پَیسے بَیٹھے جَیسے مَیلے کَیسے اَیسے

# EXERCISE مشق

نیک لڑکی پِیلا کیلا وُضو کرو خُدا سے ڈرو

گائے سے بچو خُدا کا شُکر کرو مَیل نکال دو

ایک بَنو نیک بَنو اُستاد کی بات سُنو

نانا آئے کالے جُوتے لائے بَد سے بَچ

سَبَق شَوق سے یاد کرو دِہلی بَہت دُور ہے

حَنِیف کا لڑکا آیا سَچ بولو سَلام کرو

سیب عُمدہ ہے ظُلم مَت کرو بات کَم کرو

ناک صاف کرو کپڑے پاک کرو حَج کو چلو

یُونُس کے کپڑے مَیلے ہیں نماز کے پابند بنو

بَیل کیسا ہے یہ عورت کَون ہے ٹوپی میز پر ہے

دیر مَت کر نانا سیر کو گئے حق بات کہو

# EXERCISE مشق

وُضو کیا کر کِتاب باقی ہے سَبزی نازِی ہے

باغ کا مالی کراچی کا کُرتا جرمنی کا جُوتا

حَکیم کی دَوا محمُود کی مُرغی سُورت کی برفی

رَسُول کی حدِیث یُوسُف کی کاپی نُوح کا طُوفان

لکڑی کا صَندُوق مزدُور کی مزدُوری بیمار کی تکلیف

غرِیب کی مَدد عِید کی نَماز حاجی کا حج

اُردُو کی کِتاب پانی کا گِلاس یہ کِس کا رُومال ہے

اختر پانی پیتا ہے نمازِی لَڑکی ہے چاقُو سے آلُو کاٹا

یہ اُردُو کا آسان قاعِدہ ہے، اِبراہیم نمازِی لَڑکا ہے

سُورج ڈُوب رہا ہے اب سُورج نِکل رہا ہے

ہارُون شَریف لڑکا ہے یہ رَمَضان کا مَہینہ ہے

# EXERCISE مشق

صفحہ نمبر ۱۹-۲۰-۲۱-۲۲ کی ملی جلی مشق۔

آلو کا سالن ہے ، فجر کی اذان ہوئی ، جوتا ٹوٹ گیا

غیبت مت کر ، قیامت کب ہے ، خوب یاد کرو

دیوار گر گئی ، ذلیل مت کرو ، حساب کیا کرو

چین بڑا ملک ہے ، جوان آدمی ہے ، قرآن خدا کا کلام ہے

پاکستان قریب ہے ، دماغ خراب ہے ، بیمار کا علاج کرو ،

ضرورت پوری ہوئی ، وکیل کی کتاب ، بناوٹ مت کر

عرفان بازار گیا ، منشی واقف ہے ، اسلم کی شادی ہوئی

فرنی باسی ہے ، قاضی کی پگڑی ہے ، مکان خالی ہے

زمین گیلی ہے ، فضول خرچی مت کر ، بدن مضبوط ہے

نماز جماعت سے ہوئی ہے ، عقیقہ کرنا ہے

# LESSON No 15 سبق نمبر ۱۵

ہدایت :- بچوں کو سمجھایا جائے کہ دو چشمی (ھ) سے پہلے ، ب ۔ پ ۔ ت ۔ ٹ ۔ ث ۔ ج ۔ چ ۔ د ۔ ڈ ۔ ڑ ۔ ک ۔ گ ۔ میں سے کوئی حرف آئے تو اس کا تلفظ بدل جائے گا۔ مثلاً ب + ھ = بھ جیسا کہ انگریزی میں BH = B + H اور ہندی میں भ بولا جائے گا۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھ | پھ | تھ | ٹھ | جھ | چھ | دھ | کھ | گھ |

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ کھ گھ

بَھ بِھ بُھ پَھ پِھ پُھ تَھ تِھ تُھ

ٹَھ ٹِھ ٹُھ جَھ جِھ جُھ چَھ چِھ چُھ

دَھ دِھ دُھ کَھ کِھ کُھ گَھ گِھ گُھ

## EXERCISE مشق

پَھ تَھ دُھ گُھ بِھ جِھ چَھ کِھ بُھ

پُھ گُھ ڈِھ ٹُھ پِھ دَھ ڑِھ کُھ بَھ

## EXERCISE مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رکھ | چکھ | تھم | چھت | گھر | پھل |
| پھٹ | لکھ | بھڑ | پھر | چھل | بھن |
| بدھ | گھس | چھپ | جھٹ | تھک | گھٹ |

پھل لا　　ذرا تھم جا　　بھڑ نے کاٹا

ٹوپی پھٹ گئی　　چھت گر گئی　　چادر دھل گئی

گھر میں مت جا　　بازار سے کچھ لا　　بستر بچھا

پھر سے آنا　　پاؤں چھل گیا　　محمود کدھر گیا

میں تھک چکا　　جھٹ پٹ جا　　استاد نے سبق پڑھایا

کھڑکی کھلی ہے　　ہوا ٹھنڈی ہے　　چھری تیز ہے

دیکھ دیکھ کر چل　　سمجھ سمجھ کر پڑھ　　اس پر مت بیٹھ

خدا کو دل سے نہ بھلا　　سچ بات مت چھپا

## LESSON No 16 — سَبَق نمبر ١٦

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھا | تھا | جھا | چھا | دھا | ڈھا | کھا | گھا |

## EXERCISE — مَشَق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بھائی | تھانا | جھاڑا | دھاگا | ڈھائی | کھائی |
| رُوکھا | سُوکھا | گَدھا | مِیٹھا | بُجھا | چُبھا |
| دُکھا | بِنھا | سُکھا | بُڑھا | پَڑھا | لِکھا |
| اُٹھا | بیٹھا | گھاس | دھاک | کھال | ڈھال |

| | | |
|---|---|---|
| چھاچھ پی لو | پھل کھا لو | بھاگ کر لا |
| کپڑے سُکھا دو | آج مچھلی کھائی | کیلا کھا لو |
| بھروچ کی مِٹھائی | لڑکا بھُوکا ہے | سامان چڑھا دو |
| اَب دِیا بُجھا دو | کھانا اُٹھا دو | چاقُو مت چُبھا |
| گھاس سُوکھ گیا | آدھا سیب کھا لو | راستہ دیکھا ہے |

## سبق نمبر ۱۷ LESSON No17

ہدایت :- بچوں کو واو معروف اور واو مجہول کا خیال دلاؤ۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُھو | پُھو | تُھو | ٹُھو | دُھو | کُھو | گُھو | ڈُھو |
| بھو | پھو | تھو | دھو | ڈھو | کھو | گھو | ٹھو |

## مشق EXERCISE

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بُھوک | تُھوک | پُھول | دُھوم | گُھوم | چُھوٹ |
| بھولا | پھوڑا | دھوکا | کھوٹا | تھوڑا | کھولا |

تُھوک مَت نِگل، اُس کو بُھوک لگی، دُھول مَت اُڑا
ڈھول بَج رَہا ہے، دھوکا مَت دے، نوٹ کھوٹا ہے
باغ سے پُھول لے آؤ، گاڑی گُھوم گئی، دُھوم مچی ہے
نَماز مَت چھوڑو، صاف لِکھو، گھر کو جھاڑو دو
پھوڑا پَک گیا، چھت پر چڑھو، کیسا چھوٹا ہے

## LESSON No 18 سبق نمبر ۱۸

ھدایت: بچوں کو یائے معروف اور یائے مجہول کا خیال دلایا جائے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھی | تھی | ٹھی | چھی | دھی | ڈھی | کھی | گھی |
| بھے | تھے | ٹھے | چھے | دھے | ڈھے | کھے | گھے |

## EXERCISE مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ساتھی | ہاتھی | آدھی | سُوکھی | میٹھی | لِکھی |
| بِھیک | سِیکھ | رِیچھ | ٹِھیک | جِھیل | چِھیل |
| پَڑھے | مُجھے | چُبھے | تُجھے | بِچھے | لِکھے |

لاٹھی مَت گھُماؤ، گھِی عُمدہ ہے، کھِیر پھِیکی ہے
چِڑیا بیٹھی ہے، گاڑی سِیدھی چلاؤ، آدھی روٹی لو
کھیل مت کھیلو، کھانا کِس نے بھیجا، گدھے کو کِس نے چھیڑا
چور کو گھیرا، مَیں نے دیکھا، پیڑے میٹھے ہیں

## LESSON No19 سَبَق نمبر ۱۹

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَڑھ | پَڑھ | چَڑھ | چَکھ | رَکھ | لِکھ |
| بِچھ | اُٹھ | کُچھ | مُجھ | بُدھ | دُکھ |

آگے بَڑھ جاؤ ، کِتاب پَڑھ لو ، سامان رَکھ دو

اُوپَر چَڑھ جاؤ ، سالَن چَکھ لو ، خَط لِکھ دو

بِستَر بِچھ گیَا ، فَقیر کو کھانا دو ، دِیا بُجھ گیا

بُدھ کا دِن آیا ، دُکھ دُور ہو گیَا ، سُوئی چُبھ گئی

گھڑِی خراب ہَے ، اُٹھ کر جاؤ ، دَرَخت پر چڑھو

ذرا تھم جا ، جَیب پھَٹ گئی ، سُورج چھُپ گیا

دَروازہ کھُل گیا ، گِلاس بھَر لو ، سَبَق لِکھ لو

اَب تھک گیَا ، دُودھ سُفید ہَے ، گائے کا تھَن ہَے

لائِٹ بُجھ گئی ، مُجھ سے مِلو ، گھڑا بھَر دو ، کُچھ پھَل کھائے

# EXERCISE مشق

## صفحہ نمبر ۲۴ سے ۲۹ تک کی مِلی جُلی مَشق ...

بَھائی رَاضی ہوگئے ، اُوپَر مَت بَیٹھو ، گاڑی میں بَیٹھو

دوست کو سَمجھا دو ، مزدُور نے بوجھ اُٹھایا ، تیرے ساتھ چلے تھے

گھوڑے بھاگ گئے ، چِڑیا اُڑ گئی ، جھُوٹ بولنا چھوڑ دو

یہ گھڑی کِس کی ہے ، اَبھی اَبھی آئے ، چُولھے پر رکھ دو

کبُوتر بَیٹھا ہے ، گھر جَل رَہا ہے ، کَل دُھوپ تھی

تھَیلی بھیج دو ، دیکھ کر چلو ، ٹھِیک سے بَیٹھو

خَربُوزہ چِھیل کر کھاؤ ، گُلاب چھِڑک دو ، پَیر پھِسلے گا

ہارُون کِدھر گیا تھا ، آدم نے بھیجا ہوگا ، رُومال سُوکھا ہے

جھُولا مَت جھُولو ، بَدن چھُپا دو ، دادا پھَل لائے

آگ بُجھ گئی ، کُچھ تو خیَال کرو ، اُٹھ ، صُبح ہو گئی

# LESSON No 20 سبق نمبر ٢٠

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَزَہ | روزہ | موزہ | حَلوہ | مَروہ | سِتارہ |
| گھنٹہ | جَلسہ | سُرمہ | مَدرسہ | کُتب خانہ | عزیزیہ |
| مَدینہ | حَسینہ | پَسینہ | رَحیمہ | حَفیظہ | حَنیفہ |
| گیارہ | بارہ | تیرہ | چودہ | پندرہ | سولہ |

## EXERCISE مشق

سُرمہ عُمدہ ہے ، صفا سے مَروہ تک دَوڑو ، رَحیمہ نیک لڑکی ہے

مَدینہ تیرہ میل دُور ہے ، کُتب خانہ کِتنا مشہور ہے ، آج جمعہ ہے

مَدرسہ کا جلسہ کب ہے؟ ، رَجب کا مہینہ ہے ، خُوب مَزہ آگیا

گیارہ سے سترہ تک گِنو ، دانہ کچھ خراب ہے ، مچھلی زِندہ ہے

سِتارہ چمک رہا ہے ، یہ بہت ناکارہ ہے ، پسینہ بہت ہُوا

ابُو حنیفہؒ آئے ، بارہ سے اٹھارہ تک لکھو ، موزہ لال ہے

## LESSON No 21 — سبق نمبر ۲۱

ہدایت :- نون غنہ جب درمیان میں ہو تو اُس پر نُقطہ لکھا جاتا ہے، مگر یہ نون پڑھا نہیں جاتا۔ بلکہ غنہ پڑھا جائے گا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مانگ | دانت | آنکھ | پانچ | چاند | سانپ |
| رنگ | جنگ | ڈھنگ | تنگ | ہنس | پھنس |
| اُونٹ | سُونڈ | مُونگ | لونگ | سونف | چونچ |

## EXERCISE — مشق

دادا سے مانگ　دانت صاف رکھ　آنکھ بند کر

مت ہنس　جنگ مت کر　تنگ مت کر

کانچ پھینکا　چاند دیکھا　سانپ مارا

رنگ لگا ہے　جنگ ہوئی ہے　اُونٹ دیکھا ہے

مُونگ لایا تھا　مُونچھ بڑی تھی　سونف پھانکی تھی

رنگ میں بھنگ پڑے گا　ہاتھی سُونڈ ہلا رہا ہے

## LESSON No 22 سبق نمبر ۲۲

### ہدایت

:- نون غنہ جب اخیر میں ہو تو نقطہ نہ لکھا جاتا ہے اور نہ پڑھا جاتا ہے -

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خزاں | گاؤں | جاؤں | کھاؤں | پاؤں | زباں |
| یہاں | وہاں | کہاں | کہیں | نہیں | گئیں |
| ہاں | ماں | میں | مَیں | ہیں | دیں |
| آئیں | کھیلیں | کودیں | دوڑیں | بھاگیں | جائیں |

## EXERCISE مشق

ہم نے پاؤں دھویا، ہاں سب وہاں ہیں، ماں کو بخار ہو گیا

افضل یہاں آیا تھا، اسلم کہاں گیا تھا، مَیں کہاں جاؤں؟

بہن کہاں جاتی تھیں، اختر کہیں نہیں گیا، خزاں آئی ہے

مَیں گاؤں جاؤں گا، وہاں جامن کھاؤں گا، پاؤں دھویا نہیں

آؤ ہم سب کھیلیں کودیں، ساتھ میں دوڑیں بھاگیں، بہت دور نہ جائیں

## EXERCISE مشق

آج چاند دیکھا تھا، مُرغی نے چونچ ماری، نیند کیوں اُڑ گئی
چاقو پر زنگ چڑھ گیا، کُرتا تنگ پڑتا ہے، سلمان ہنستا ہے
ہاتھی کے دانت لمبے ہیں، اُس کو سانپ نے ڈسا، آنکھ مت کھولو
اِس کو کیوں مارا، قاعدہ کِس کو دوں، سونف کیوں کھائی
ہمارا نہیں ہے، کپڑا پسند ہے، ماموں کب آئیں گے
ماں کا کہنا مانو، دائیں ہاتھ سے کھاؤ، بائیں طرف مت دیکھو
دانت کہاں گئے؟ کانٹا پھینک دو، خدا سے مدد مانگو
نئی زندگی ملی، انجام کیسا ہے، نیک بندوں پر سلام
انگور کی بیلیں، نیکوں کے ساتھ رہیں، بھینس کا رنگ کالا ہے
احمد میاں فرانس گئے، اُنگلی میں انگوٹھی ہے، نارنگی کتنی لاؤں
پانچ نارنگی اچھی لاؤ، اندھے کو اندھیرے سے کیا مطلب۔

## LESSON No 23 سبق نمبر ۲۳

ھدایت :- جس لفظ پر تشدید ہو اُسے دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَبْ + بَا = اَبَّا | مَکْ + کَہْ = مَکَّہْ | حُقْ + قَہْ = حُقَّہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کَچَّا | پَکَّا | سَچَّا | بِلّی | رَسّی | مِٹّی | کَدُّو |
| چُلُّو | اَللہ | تَکَّہ | جَدَّہ | قِصَّہ | حِصَّہ | بَچَّہ |
| یَکَّہ | مَکَّہ | کَھٹّی | چُھٹّی | بَھیَّا | مَکھّی | دَھبَّہ |
| سِکَّہ | اَچھَّا | کَوَّا | عِزَّت | مُدَّت | ذِلَّت | ٹَکَّر |
| کَٹَّر | مَکھَّن | پَتھَّر | مَچھَّر | بِچھُّو | پِسُّو | اُلُّو |
| بَگھّی | نَنھّی | اَمَّاں | اَبَّا | مُلَّا | جَنَّت | مَنَّت |
| تَمَّت | اُمَّت | عِدَّت | اِتَّفاق | اِتِّحاد | لَسّی | دِلّی |
| گَنَّا | ٹَٹُّو | رَکھّو | مَحَبَّت | مُحَمَّد | مُکَرَّم | وَہَّاب |
| غَفَّار | سَتَّار | قَہَّار | جَبَّار | رَزَّاق | تَوَّاب | مَنَّان |

## EXERCISE مشق

| | | |
|---|---|---|
| مکان کا حِصّہ ہے | غُصّہ حرام ہے | ایک قِصّہ سُنو |
| اَبّا دِلّی چلے گئے | عِید کی چُھٹّی ہے | بِلّی کو نِکالو |
| آم کچّا ہے | کھیت سے گنّا لا | داڑھی رکھنا سُنّت ہے |
| مُدّت ختم ہو گئی | سُوّر حرام ہے | مچھّر نے کاٹا |
| ٹٹّو گر پڑا | پتّھر کِس نے مارا | اَبّا کِدھر گئے |
| اَنگور کھٹّا ہے | کوّا اُڑ گیا | سِکّہ کھوٹا ہے |
| لسّی کھٹّی ہے | دِلّی دُور ہے | رَسّی مت پکڑو |
| سَب کی عِزّت کرو | چِلّا کر نہ بولو | پتّھر بہت بھاری ہے |
| نَدّی لمبی ہے | جنّت بڑی نِعمت ہے | لَڈّو میٹھا ہے |
| بِچُّھو کو مارو | پِسّو کو پکڑو | اُلّو کو بھگا دو |
| اِتّفاق سے رہو | مُحمّد اللہ کے رسُول ہیں | اے اللہ تو غفّار ہے |

# مَشق EXERCISE

## صفحہ نمبر ۳۵، ۳۶ کی مِلی جُلی مشق

ہم نبیؐ کے اُمّتی ہیں قمر الدّین ہوشیار لڑکا ہے

اَٹھارہ سے بتیس تک گِنو عبدُ المنّان کا وَعظ ہے

مُحرّم کے دو روزے رکھو مَدینہ مُنوّرہ کا کھجور ہے

اَبّا پر زکوٰۃ واجب ہے نماز کے لئے تیّار رہو

اللہ تعالیٰ بڑا مہربان ہے کدّو کا حلوہ اچھا ہے

اِفطار کا وقت یاد رکھو وہ تربوز پکّا ہے

مکّہ سے جدّہ قریب ہے کوّا کتنا کالا ہے

اللہ نے پانچ نمازیں فرض کیں عیسیٰؑ اللہ کے نبی ہیں

بچّہ پریشان کیوں ہے خُدا سب کا رزّاق ہے

عِزّت اور ذِلّت خُدا کے قبضہ میں ہے، اَلسّلامُ علیکم

## LESSON No 24 سبق نمبر ۲۴

ہدایت: بعض الفاظ ایسے ہیں جو لکھے تو جاتے ہیں مگر پڑھے نہیں جاتے۔
اور بعض بے قاعدہ لکھے جاتے ہیں۔

آیئے چلئے چاہیئے دیکھئے ابوالقاسم مجتبیٰ
ابوالکلام گیارہ خود خوش خوشی لیئے
خواہش عشاء خواجہ بالکل خواب تعالیٰ
مصطفےٰ زکوٰۃ حبیب اللہ گیئں دعویٰ آمین

## EXERCISE مشق

مَیں خود دیا ہم خوش ہوئے خوشی سے جاؤ
وہ کیسے آئے تشریف لایئے آیا گھر آگیئں
بالکل صحیح ہے اپنا خواب سناؤ خوشی خوشی پڑھو
گھر میں جاؤ تو سلام کہو۔ مولوی عبدالرحمٰن صاحب آئے
عبداللہ کدھر گئے۔ عیدالاضحیٰ کب ہے

## LESSON No 25 سَبق نمبر ۲۵

دِن اور اسلامی مہینوں کے نام :

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنیچر | اِتوار | پیر | مَنگل | بُدھ | جُمعرات | جُمعہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُحَرَّم | صَفَر | رَبیعُ الاوّل | رَبیعُ الآخِر |
| جُمادَی الاُولیٰ | جُمادَی الاُخریٰ | رَجَب | شَعبان |
| رَمضان | شوّال | ذِی القَعدہ | ذِی الحِجَّہ |

ساٹھ سِکنڈ کا ایک مِنٹ اور ساٹھ مِنٹ کا ایک گھنٹہ ہوتا ہے

چوبیس گھنٹہ کا ایک دِن ہوتا ہے اور سات دِن کا ایک ہفتہ،

چار ہفتہ کا ایک مہینہ ہوتا ہے اور بارہ مہینہ کا ایک سال،

مُحَرَّم کی پہلی تاریخ سے اِسلامی سال شُروع ہوتا ہے۔

ذی الحجہ کی آخری تاریخ پر اِسلامی سال ختم ہوتا ہے

کلمہ طیبہ یہ ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

## LESSON No 26 سبق نمبر ۲۶

ہم کو اللہ نے پیدا کیا ، اللہ کو کسی نے پیدا نہیں کیا ،
اَللہ نے ہم کو دو ہاتھ دِیئے ، دو کان دِیئے ،
دو پیر دِیئے ، دو آنکھیں دیں ، ایک ناک دِیا ،
مُنہ میں دانت بنائے ، دانت کے آگے دو ہونٹ دِیئے ،
مُنہ کے اَندر زبان بنائی ، زبان سے ہم بات چیت کرتے ہیں ،
مزہ معلوم کرتے ہیں ، دانتوں سے کھانا چباتے ہیں ،
ناک سے اچھی بری بو سونگھتے ہیں ، ہاتھوں سے جدا جدا کام کرتے ہیں ،
آنکھوں سے سب کچھ دیکھتے ہیں ، پیروں سے جہاں چاہے چلتے ہیں
کانوں سے آواز سُنتے ہیں ، یہ سب اَللہ نے مُفت دِیا ،
اَللہ ہمارا مالِک ہے ، مالِک کی عِبادت ضَرُوری ہے ،
ہم اَللہ کی عِبادت کریں گے ، اَللہ ہی سے مَدد مانگیں گے ،

## LESSON No 27 سبق نمبر ۲۷

نبی اللہ کے بندے ہوتے ہیں،

وہ اللہ کی باتیں لوگوں کو سُناتے ہیں،

سب سے پہلے حضرت آدمؑ آئے،

اُن کے بعد دُنیا میں ہزاروں نبی آئے،

سب کے آخر میں ہمارے نبی محمدؐ آئے،

ہمارے نبیؐ کے بعد اب کوئی نیا نبی نہیں آئے گا،

ہمارے نبیؐ کے ماننے والوں کو مسلمان کہتے ہیں،

ہمارے نبیؐ کے نہ ماننے والوں کو کافر کہتے ہیں،

مُسلمانوں کو مرنے کے بعد اللہ جنّت دے گا،

کافروں کو اللہ مرنے کے بعد دوزخ میں ڈالے گا،

دُرود ہو ہمارے نبیؐ پر، سلام ہو سب نبیوں پر،

## LESSON No 28 سبق نمبر ۲۸

ہمارے نبیؐ کو اللہ نے قرآن دیا،

قرآن اللہ کا کلام ہے، اُس میں اچھی باتوں کا بیان ہے،

پہلے نبیوں کو بھی کتابیں ملی تھیں، حضرت موسیٰؑ کو توراۃ ملی تھی،

حضرت داؤدؑ کو زبور ملی تھی،

حضرت عیسیٰؑ کو انجیل ملی تھی،

دوسرے نبیوں کو بھی چھوٹی کتابیں ملی تھیں

سب میں اللہ کی باتیں تھیں، اچھی اور بھلی باتیں تھیں،

سب سے اچھی کتاب قرآن ہے، اُس کی زبان

عربی ہے، پہلے کے لوگوں کا اُس میں ذِکر ہے، جنّت

اور دوزخ کا ذِکر ہے، ہم روزانہ قرآن پڑھیں گے،

اُس کی باتوں پر عمل کریں گے،

## LESSON No 29 سبق نمبر ۲۹

اِسلام کی تعلیم یہ ہے کہ :-
کِسی سے وَعدہ کرو تو پُورا کرو ،
کِسی پر ظُلم نہ کرو ، کِسی کو نہ سَتاؤ ،
خراب کاموں سے دُور رَہو ، اچھے اچھے کام کرو۔
پڑوسیوں کے حَق ادا کرو ، ماں باپ کی خِدمت کرو ،
اُستاد کا اَدب کرو ، گالی گلوچ سے بَچو ،
ہمیشہ پاک رہو اور صاف رہو ، مَیلے کُچیلے نہ رہو ،
مُحتاجوں کی مدد کرو ، غرِیبوں کا خَیال کرو ،
کِسی کا حَق نہ دَباؤ۔ اِسلام کی تعلیم پر ہم چلیں گے ،
دُنیا میں اُس کو پَھیلائیں گے ، نیک نام کریں گے
اِسلام کا بول بالا کریں گے ، جنّت کے حق دار بنیں گے

## LESSON NO 30 — سبق نمبر ۳۰

مسلمان سب مل کر جہاں نماز پڑھتے ہیں،

اُس کو مسجد کہتے ہیں، مسجد خُدا کا گھر ہے،

مسجد میں عبادت کی جاتی ہے، اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے،

مسجد میں شور کرنا منع ہے، لڑائی، جھگڑا کرنا منع ہے،

مسجد میں سونا منع ہے اور باتیں کرنا منع ہے،

فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز فرض ہے،

ہم بھی برابر نماز پڑھیں گے، اپنے خُدا کو یاد کریں گے،

مسلمان قبلہ کی طرف مُنہ کر کے نماز پڑھتے ہیں،

ہندوستان اور پاکستان کا قبلہ پچھم کی طرف ہے،

مسجد بنانا بڑی نیکی کا کام ہے،

مسجد میں داخل ہونے کی دعاء: اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ.

## سبق نمبر ۳۱ LESSON No 31

### گنتی لفظوں میں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ایک | دو | تین | چار | پانچ | چھ |
| سات | آٹھ | نو | دس | گیارہ | بارہ |
| تیرہ | چودہ | پندرہ | سولہ | سترہ | اٹھارہ |
| اُنیس | بیس | اکیس | بائیس | تیئیس | چوبیس |
| پچیس | چھبیس | ستائیس | اٹھائیس | اُنتیس | تیس |
| اکتیس | بتیس | تینتیس | چونتیس | پینتیس | چھتیس |
| سینتیس | اڑتیس | اُنتالیس | چالیس | اکتالیس | بیالیس |
| تینتالیس | چوالیس | پینتالیس | چھیالیس | سینتالیس | اڑتالیس |
| اُنچاس | پچاس | اکیاون | باون | ترپن | چوّن |
| پچپن | چھپن | ستاون | اٹھاون | اُنسٹھ | ساٹھ |

اِکسٹھ باسٹھ ترلیسٹھ چونسٹھ پینسٹھ چھیاسٹھ

سڑسٹھ اڑسٹھ اُنہتّر ستّر اِکہتّر بہتّر

تہتّر چوہتّر پچھتّر چھہتّر ستہتّر اٹھہتّر

اُناسی اَسّی اِکیاسی بیاسی تراسی چوراسی

پچاسی چھیاسی ستاسی اٹھاسی نواسی نوّے

اِکیانوے بانوے ترانوے چورانوے پچانوے چھیانوے

ستانوے اٹھانوے ننّانوے سو دوسو تین سو

چارسو پانچ سو چھ سو سات سو آٹھ سو نوسو

ایک ہزار دوہزار تین ہزار چار ہزار پانچ ہزار چھ ہزار

سات ہزار آٹھ ہزار نوہزار دس ہزار

**قاعدہ ختم ہُوا**

**اب اسلامی تعلیم کا پہلا نمبر پڑھیں گے**

# LESSON No 32 سبق نمبر ۳۲

## گنتی ہندسوں میں

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۹ | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| ۲۰ | ۱۹ | ۱۸ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | ۱۲ | ۱۱ |
| ۳۰ | ۲۹ | ۲۸ | ۲۷ | ۲۶ | ۲۵ | ۲۴ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۱ |
| ۴۰ | ۳۹ | ۳۸ | ۳۷ | ۳۶ | ۳۵ | ۳۴ | ۳۳ | ۳۲ | ۳۱ |
| ۵۰ | ۴۹ | ۴۸ | ۴۷ | ۴۶ | ۴۵ | ۴۴ | ۴۳ | ۴۲ | ۴۱ |
| ۶۰ | ۵۹ | ۵۸ | ۵۷ | ۵۶ | ۵۵ | ۵۴ | ۵۳ | ۵۲ | ۵۱ |
| ۷۰ | ۶۹ | ۶۸ | ۶۷ | ۶۶ | ۶۵ | ۶۴ | ۶۳ | ۶۲ | ۶۱ |
| ۸۰ | ۷۹ | ۷۸ | ۷۷ | ۷۶ | ۷۵ | ۷۴ | ۷۳ | ۷۲ | ۷۱ |
| ۹۰ | ۸۹ | ۸۸ | ۸۷ | ۸۶ | ۸۵ | ۸۴ | ۸۳ | ۸۲ | ۸۱ |
| ۱۰۰ | ۹۹ | ۹۸ | ۹۷ | ۹۶ | ۹۵ | ۹۴ | ۹۳ | ۹۲ | ۹۱ |
| ۱۰۰۰۰ | ۹۰۰۰ | ۸۰۰۰ | ۷۰۰۰ | ۶۰۰۰ | ۵۰۰۰ | ۴۰۰۰ | ۳۰۰۰ | ۲۰۰۰ | ۱۰۰۰ |

# گزارش

محترم حضرات آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ چند تجربہ کار ابتدائی تعلیم کے ماہر علماء کے تعاون سے مکاتب اسلامیہ کے لئے ایک نصاب تیار ہوا ہے۔ جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

**قرآنی آسان قاعدہ**: تعلیم قرآن کے لئے بہت ہی آسان قاعدہ۔ جس میں ہر ہر سبق کے ساتھ ضروری ہدایات بھی لکھی گئی ہیں۔

**اردو کا آسان قاعدہ**: جس سے بہت ہی جلد اور سہولت کے ساتھ اردو لکھنا، پڑھنا آجاتا ہے۔

**اسلامی تعلیم**: جو ایک تا پانچ نمبرات پر مشتمل ہے۔ جس میں اسلامی عقائد، عبادات ومسائل، سیرت پاک، اسلامی اخلاق ودیگر ضروری اور مفید معلومات یکجا نہایت ہی آسان انداز میں جمع کردیا گیا ہے۔

**پارۂ عم قرآنی ترتیب والا**: جس کی بنا پر ابتدا ہی سے سورتوں کی صحیح ترتیب ذہن نشین ہوجائے اور نماز میں غلطی سے محفوظ رہا جاسکے

**قرآن مجید**: مکاتب میں متعین کئے ہوئے نصاب کے مطابق پارۂ ۱ تا ۳ پارۂ ۴ تا ۱۰ پارۂ ۱۱ تا ۲۰ پارۂ ۲۱ تا ۳۰ چار جلدوں میں مجلد تیار کردیا گیا ہے، مذکورہ تمام نصاب آپ دار العلوم عربیہ اسلامیہ بھروچ کنتھاریہ کے کتب خانہ سے طلب فرمائیں۔